ابتدائی طفلی ماحول میں صحتیاتی معاونتیں

عزیزی اہلِ خانہ،

ہمیں امید ہے کہ آپ خیریت سے ہوں گے! 3K اور پری کنڈرگارٹن، دونوں کی درخواستوں کا دورانیہ کھلا ہے اور آپ کے لیے اپنے بچے کے پروگرام انتخابات کی تحقیق کرتے ہوئے، ہم آپ کو مختلف ابتدائی طفلی ترتیبوں میں پیش کی جانے والی مختلف صحتیاتی معاونتوں کے بارے میں مزید جاننے کے لیے دعوت دیتے ہیں۔ ذیل میں ہر ایک ترتیب کے لیے 3K اور پری کنڈرگارٹن پروگراموں کے لیے مخصوص معاونتوں کی اقسام کا مختصر مجموعی جائزہ ہے۔

- **نیو یارک شہر ابتدائی تعلیمی مراکز (NCEECs)** برادری پر مبنی ایسی تنظیمیں ہیں جو 3K اور پری کنڈرگارٹن کی پیشکش کرنے کے لیے نیو یارک شہر محکمئہ تعلیم کے ساتھ شراکت کرتی ہیں۔ ان سے اپنے مقام پر بنیادی فرسٹ ایڈ، CPR، اور ایپی پین (Epi-pen) دینے کا تربیت یافتہ عملہ ہونا مطلوب ہے۔ اس کے علاوہ، جب ایک مندرج طالبِ علم کو اسکول دن کے دوران دوائی لینا درکار ہو تو طالبِ علم کو خدمات فراہم کرنے کے لیے NYCEEC کا عملہ دوائی دینے کی تربیت (MAT) حاصل کرے گا۔ عام طور پر ان پروگراموں کی معاونت اسکول کے دفترِ صحت کے ابتدائی طفلی صحت کے ڈائریکٹر کے ذریعے کی جاتی ہے جو صحت کی پالیسی، پروگرامز میں دوائی دینے، جز 504 سہولیات، اور صحت کی خاص ضروریات کے حامل بچوں کے لیے نگہداشت فراہم کرنے کے متعلق سوالات کے جوابات دے سکتے ہیں۔
- **ضلع اسکول** اور **پری کنڈرگارٹن مراکز** کے پاس مقام پر کُل وقتی نرسیں ہوتی ہیں۔ ان اسکولوں کی معاونت اسکول کے دفترِ صحت کے ڈائریکٹر، اسکول میں قائم 504 رابطہ کاران، اور ضرورت کے مطابق پیشہ ور معاونین کرتے ہیں۔
- **فیملی چائلڈ کیئر پروگرامز (FCCs)** گھر میں قائم (صرف 3K کے لیے) ایسے پروگرام ہیں جن سے فرسٹ ایڈ اور CPR تربیت مکمل کرنا مطلوب ہے اور ان کو Epi-pen دینے کی ترتیب دی جا سکتی ہے۔ اس کے علاوہ، جب ایک مندرج طالبِ علم کو اسکول دن کے دوران دوائی لینا درکار ہو تو اس طالبِ علم کو خدمات فراہم کرنے کے لیے FCC کا عملہ دوائی دینے کی تربیت (MAT) حاصل کرے گا۔ ان پروگراموں کی معاونت ضروریات کی بنیاد پر اسکول کے دفترِ صحت کے ابتدائی طفلی صحت کے ڈائریکٹر کرتے ہیں۔

اگر آپ کے بچے کو اسکولی اوقات کے دوران دوائی لینے کی ضرورت ہے تو ہم امید کرتے ہیں کہ ہم اندراج کی کارروائی میں قبل از وقت آپ کی مدد کر سکتے ہیں تاکہ تعلیمی سال کے آغاز کے لیے مناسب معاونتوں کے بندوبست کو یقینی بنایا جا سکے۔ براہِ مہربانی اپنے بچے کی طبی ضروریات کے لیے صحت سے متعلق دستیاب معاونتوں کے بارے میں سوالات کے لیے EarlyChildhoodHealth@schools.nyc.gov پر رابطہ کریں۔ ہم مدد کرنے کے متمنی ہیں!

بہترین تمنائیں،
محکمئہ تعلیم شعبہ برائے ابتدائی طفلی تعلیم

کیا یہ ای میل آپ کو کسی دوست نے بھیجی تھی؟ ہمارے 3K اور پری کنڈرگارٹن داخلوں کی ای میل فہرست (فہرستوں) کے لیے سائن اپ کرنے کو یقینی بنائیں۔

اگر آپ ہماری کسی بھی یا تمام ای میل فہرستوں کی جانب سے مزید ای میلز موصول نہیں کرنا چاہتے، براہِ کرم خارج ہونے (اَن سبسکرائب کرنے) کے لیے یہاں کلک کریں۔